PAKISTAN CUP
WOMEN'S CRICKET
TOURNAMENT
2023

# پاکستان کپ ویمنز ایک روزہ ٹورنامنٹ، ڈائنامائٹس نے بلاسٹرز کو 78 رنز سے ہرادیا، سدرہ امین کے 95 رنز

**کراچی، 29 مئی، 2023:**

ڈائنامائٹس نے پاکستان کپ ویمنز ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کے چوتھے میچ میں بلاسٹرز کو 78 رنز سے شکست دیدی۔

یہ اس ٹورنامنٹ میں ڈائنامائٹس کی لگاتار تیسری کامیابی ہے۔

اسٹیٹ بینک گراؤنڈ میں کھیلے گئے اس میچ کا ٹاس بلاسٹرز کی کپتان منیبہ علی نے جیتا اور ڈائنامائٹس کو بیٹنگ دی جس نے 45 اوورز میں 4 وکٹوں پر 214 رنز بناڈالے جو اس ٹورنامنٹ میں ابتک سب سے بڑا اسکور بھی ہے۔ اس اسکور میں کپتان سدرہ امین کے 95 رنز قابل ذکر تھے۔
جواب میں بلاسٹرز کی ٹیم 37 اعشاریہ 3 اوورز میں 136 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔

ڈائنامائٹس کی اننگز میں خدیجہ چشتی کے 5 رنز پر آؤٹ ہونے کے بعد سدرہ امین اور بسمہ معروف نے دوسری وکٹ کی شراکت میں 130 رنز کا اضافہ کیا۔

سدرہ امین صرف پانچ رنز کی کمی سے سنچری مکمل نہ کرسکیں اور 95 رنز بناکر صبا نذیر کی گیند پر منیبہ علی کے ہاتھوں کیچ ہوگئیں۔ انہوں نے 100 گیندوں کا سامنا کیا اور ان کی اننگز میں 13 چوکے شامل تھے۔

بسمہ معروف کو بھی صبا نذیر نے آؤٹ کیا۔ انہوں نے 95 گیندوں پر 65 رنز اسکور کیے جس میں دو چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔

بلاسٹرز کی طرف سے صبا نذیر اور ڈیانا بیگ نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

بلاسٹرز کی طرف سے عائشہ ظفر اور دعا ماجد نے پہلی وکٹ کی شراکت میں 42 رنز کا اضافہ کیا لیکن دونوں یکے بعد دیگرے آؤٹ ہوگئیں۔ عائشہ ظفر پانچ چوکوں کی مدد سے 30 رنز بناکر رامین شمیم کی گیند پر بسمہ معروف کے ہاتھوں کیچ ہوگئیں۔ دعا ماجد 9 رنز بناکر نشرہ سندھو کی گیند پر ایل بی ڈبلیو ہوئیں۔

وقفے وقفے سے گرنے والی وکٹوں کی وجہ سے بلاسٹرز کی گرفت میچ پر کمزور ہوتی چلی گئی۔

کپتان منیبہ علی نے 57 گیندوں پر ایک چوکے کی مدد سے 33 رنز بنائے جو بلاسٹرز کی اننگز میں سب سے بڑا انفرادی اسکور ثابت ہوا۔

ڈائنامائٹس کی طرف سے رامین شمیم نے 25 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ نشرہ سندھو، ماہم منظور اور غلام فاطمہ نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

سدرہ امین کو ان کی 95 رنز کی عمدہ اننگز پر پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

ٹورنامنٹ کا پانچواں میچ بدھ کے روز چیلنجرز اور بلاسٹرز کے درمیان کھیلا جائے گا۔

**مختصر اسکور۔**

ڈائنامائٹس 214 رنز 4 کھلاڑی آؤٹ۔ (45 اوورز) سدرہ امین 95، بسمہ معروف 65، صبا نذیر 36/2 وکٹ۔ ڈیانا بیگ 37/2 وکٹ۔

بلاسٹرز۔ 136 رنز (37 اعشاریہ 3 اوورز) منیبہ علی 33۔ عائشہ ظفر 30۔ رامین شمیم 25/3 وکٹ۔ ماہم منظور 17/2 وکٹ۔ نشرہ سندھو 28/2 وکٹ۔ غلام فاطمہ 28/2 وکٹ۔

-ENDS-

Media contact:

**Media and Communications Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial